ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امت محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:17
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:17

مرتب

مولانا غلمان عطاری

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب	:	خلاصہ پارہ سترہ مع درسِ حدیث
مرتب	:	مولانا غلمان عطاری
صفحات	:	10
اشاعت اوّل	:	مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)
پیشکش	:	ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اورنواھی منتخب کرکے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس ''فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس'' کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئ الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولاناغلمان عطاری

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ان کادرس آپ بعدِ عصریافجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے توان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کامختصر خلاصہ اور60 احادیث کادرس مکمل ہو گا۔ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ سترہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللّٰه

امر: قیامت کے حساب کی تیاری کرو(الانبیاء:1)

اخروی حساب سے غفلت نہ کرو(الانبیاء:1)

جب نصیحت کی جاءے تو اسے خوب توجہ کے ساتھ سنو(الانبیاء:2)

حق بات سننے / قبول کرنے سے دوسروں کو نہ روکو(الانبیاء:3)

حق بات ثابت ہو جانے کے بعد ہٹ دھرمی کے طور پر دلاءل طلب نہ کرو(الانبیاء:5)

عبرت والی بستیوں سے نصیحت حاصل کرو(الانبیاء:6)

جو بات معلوم نہیں اس کے بارے میں علماء حق سے پوچھو (الانبیاء:7)

وعدے کو نبھاؤ(پورا کرو)(الانبیاء:9)

قرآن مجید کی تعلیمات سے منہ نہ پھیرو(الانبیاء:10)

کسی پر ظلم نہ کرو(الانبیاء:11)

اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی طرف آجاؤ قبل اس کے کہ اس کا قہر برسے(الانبیاء:12)

اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ اشیاء میں غوروفکر کرو(الانبیاء:16)

حق کے ذریعے سے باطل کارد کرتے رہو(الانبیاء:18)

دن رات اللہ کی تسبیح اور حمد بیان کرو(الانبیاء:20)

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو یاد کرتے ہوئے نیک اعمال کرو (الانبیاء:23)

فرشتوں کی تعظیم کرو(الانبیاء:27)

آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غوروفکر کرو(الانبیاء:30)

دنیا میں ہمیشہ رہنے کی امیدیں نہ لگاؤ(الانبیاء:34)

موت کی ہر دم تیاری رکھو

اللہ تعالیٰ کی رضا میں ہر حال میں راضی رہو

اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ کر جانے کا یقین رکھو(الانبیاء:35)

دین کی دعوت کو ہنسی مذاق نہ بناؤ(الانبیاء:36)

جلد بازی نہ کرو(الانبیاء:37)

صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اسی سے مدد مانگو (الانبیاء، 17، آیت:43)

جب وعظ و نصیحت کی جائے اور عذاب سے ڈرایا جائے تو بہرہ پن کا شکار نہ ہو جانا(الانبیاء، 17، آیت:45)

قیامت میں میزان عمل قائم ہونے کا یقین رکھو (الانبیاء، 17، آیت:47)

اللہ تعالیٰ کے عادل اور منصف ہونے کا یقین رکھو (الانبیاء، 17، آیت:47)

قیامت کے دن سے ڈرتے رہو (الانبیاء، 17، آیت:49)

اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کے ساتھ برائی کا ارادہ نہ کرو (الانبیاء، 17، آیت:70)

خبیث (گندے) کاموں سے بچو (الانبیاء، 17، آیت:74)

نافرمان قوموں کے انجام سے عبرت حاصل کرو (الانبیاء، 17، آیت:77)

ہر حال میں رب کے شکر گزار بندے بن کر رہو (الانبیاء، 17،

آیت:80)

دعا کرتے وقت عمدہ الفاظ اور اللہ تعالیٰ کی شان کریمی والے الفاظ ذکر کرو(الانبیاء،17، آیت:83)

نیکی کے کاموں میں جلدی کرو اللہ(الانبیاء،17، آیت:90)

اللہ تعالیٰ کو رغبت (امید) اور خوف کے درمیان رہتے ہوئے پکارو (الانبیاء،17، آیت:90)

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی وانکسار کے ساتھ حاضر ہوو(الانبیاء،17، آیت:90)

خواہشات کے پیچھے چل کر دین میں تفریق پیدانہ کرو(الانبیاء،17، آیت:93)

ہمیشہ نیک اعمال کرتے رہو(الانبیاء،17، آیت:94)

قیامت کے دن حسرت وندامت کرنے کی بجائے دنیا میں ہی غفلت سے بچو اور نیکیاں کرلو(الانبیاء،17، آیت:97)

صحابہ کرام کی ہمیشہ تعظیم وتوقیر کرو اور ان کے جنتی ہونے کا یقین کرلو (الانبیاء،17، آیت:101)

اللہ تعالیٰ کی شان کے بارے میں بغیر علم کے جھگڑا نہ کرو(الحج،17، آیت:3)

بدمذہبوں سے تعلقات قائم نہ کرو(الحج،17، آیت:4)

اللہ کے راستے سے لوگوں کو نہ بھٹکاو(الحج،17، آیت:9)

آزمائشوں اور تکلیفوں کی وجہ سے دین سے نہ پھرو (الحج ، 17 ، آیت:11)

مسجد حرام شریف کے تقدس کا خیال رکھو(الحج،17، آیت:25)

مساجد کو صاف ستھرا رکھو(الحج،17، آیت:26)

حج کے موقع پر دی جانے والی قربانی کا گوشت خود بھی کھاؤاور محتاجوں فقیروں کو بھی کھلاؤ(الحج،17، آیت:28)

اللہ تعالیٰ کی حرمت والی چیزوں کی تعظیم کرو(الحج،17، آیت:30)

اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کی تعظیم کرو(الحج،17، آیت:32)

رب کا خوف دلوں میں پیدا کرو(الحج،17، آیت:35)

مصیبت پر صبر کرو(الحج،17، آیت:35)

تقویٰ کی دولت اختیار کرو(الحج،17، آیت:37)

بد دیانت اور ناشکرے نہ بنو(الحج،17، آیت:38)

اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرو(الحج،17، آیت:40)

اللہ کا نام لینے والوں کو تکلیفیں نہ پہنچاؤ(الحج،17، آیت:40)

بری باتوں سے روکتے رہو(الحج،17، آیت:41)

مہلت ملنے پر ناجائز فاءدہ نہ اٹھاؤ(الحج،17، آیت:44)

زمین میں سیر کرو اور اللہ کی نشانیوں کا نظارہ کرو(الحج، 17، آیت: 46)

دل کے اندھے ہو جانے سے بچو(الحج،17، آیت:46)

تبلیغ دین کی خاطر رب کی راہ میں نکلو(الحج،17، آیت:58)

موت کے برحق ہونے کا یقین رکھو(الحج،17، آیت:66)

شرعی قوانین پر عمل کرو(الحج،17، آیت:67)

شرعی احکامات میں فضول بحث و مباحثہ اور جھگڑا کرنے سے بچو(الحج، 17، آیت:67)

رب کی راہ کی طرف بلاؤ(الحج،17، آیت:67)

جھگڑالو شخص سے مناظرہ نہ کرو(الحج،17، آیت:68)

قرآنی امثلہ میں غور و تفکر کرو(الحج،17، آیت:73)

اللہ تعالیٰ کی عظمت وشان کو پہچانو(الحج،17، آیت:74)

آخرت کیلئے نیک اعمال ذخیرہ کرو(الحج،17، آیت:76)

بھلائی کے کام کرو(الحج،17، آیت:77)

اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو(الحج،17، آیت:78)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دِل روشن ہو

مَنْ اَكْثَرَ الصَّلَاةَ عَلَيَّ نَوَّرَ اللهُ قَلْبَهُ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلِہٖ وسلم :"جو مجھ پر بہت زیادہ دُرود شریف پڑھے گا اللہ پاک اُس کا دِل روشن فرمادے گا۔ (بستان الواعظین لابن جوزی، ص405)

جنّت میں چلے جاؤ!

اُعْبُدُوا الرَّحْمٰنَ، وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَاَفْشُوا السَّلَامَ، تَدْخُلُوا الْجِنَانَ۔ "

(الأدب المفرد، حدیث:981، ص255)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم:"رحمن کی عبادت کرو، کھانا کھلاؤ، سلام پھیلاؤ، جنت میں چلے جاؤ۔

شرحِ حدیث: سلام پھیلانے کا مطلب یہ ہے کہ سلام کو رواج

دو، اسلام سے پہلے ملاقات کے وقت سلام کا رواج نہ تھا اسلام نے "السلام علیکم "کہنا سکھایا۔ کھانا کھلانے سے مراد ہے مہمانوں، فقیروں، یتیموں کو کھانا دو۔ بعض لوگوں نے کہا کہ سلام اونچی آواز سے کہو جو سامنے والا سُن لے اور اپنے بچوں کو کھانا دو مگر پہلے معنے زیادہ قوی ہیں۔اگر تم نے ان باتوں پر عمل کرلیا تو عذاب و حجاب سے سلامت رہو گے اور جنت میں خیریت سے پہنچو گے جہاں تمہیں ربّ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے سلام ہوا کریں گے۔(مراۃ المناجیح،3/102)

مُردہ دل

الضِحۡكُ فِي الۡمَسۡجِدِ ظُلۡمَةٌ فِي الۡقَبۡرِ

(مسند الفردوس،2/431،حدیث:3891)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم:مسجد میں ہنسنا قبر میں اندھیرا لاتا ہے۔

شرحِ حدیث: مسجد میں ہنسنا دل کو مردہ کردیتا ہے اور موت کی یاد کو بھلادیتا ہے اور پھر اس کی بنا پر قبر میں ظُلمت (یعنی اندھیرے) کا سامنا ہوتا

ہے، اسی لیے کہا جاتا ہے کہ دنیا والوں کا ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے اور اللہ والوں کا مسکرانا دِلوں کو روشن کرتا ہے۔ (فیض القدیر، 4/341، تحت الحدیث:5231)

✍راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

خوشخبری

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق وتصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم ومربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے تربیت وتفہیم کے 212 سے زائد اسالیب وطُرق پر مشتمل پہلی جامع وضخیم تصنیف (متن حدیث وسیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

HADI Research Institute

کتابِ ہذا میں الحمدللہ

تربیت وتفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم وتعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی تربیت وتفہیم کے ثمرات ونتائج
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جامع اسالیبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متفرق اسالیبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا سوالیہ اسلوبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جوابی اسالیبِ تربیت وتفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی وتصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ہزاروں کتب ومقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے